فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 ☆ چندے کے بارے میں سوال جواب ☆ بہارِ شریعت، جلد دوم، حصہ 11 سے خرید وفروخت کے مسائل، نیکی کی دعوت، جنّت کا راستہ، ثواب بڑھانے کے نسخے نیز اپنے شعبے سے **متعلق دارالافتاء اہلسنّت** سے ضرورتاً شرعی رہنمائی لیتے رہیں۔

﴿5﴾ ہر ہفتہ وار اجتماع سطح پر مجلس کے ذِمہ داران کی **تقرری کا جائزہ** لیتے رہیں۔

﴿6﴾ ہر ہفتہ وار اجتماع کا **تحریری بیان** کم وبیش 7 دن قبل ''**پاکستان انتظامی کابینہ مکتب**'' سے میل کیا جاتا ہے، ہفتہ وار اجتماع کی مجلس کے نگران، متعلقہ کابینہ/ کابینات کارکردگی ذِمہ دار/ نگرانِ کابینہ کے ذریعے اِسی بیان کو مبلغ تک پہنچانے یا مطلع کرنے کی ترکیب کریں۔

﴿7﴾ ہر ہفتہ وار اجتماع سطح پر مجلس کے اراکین میں مختلف کاموں کی تقسیم ہونی چاہئے تاکہ ہر کام بحسن وخوبی اور بروقت پورا ہو سکے۔

﴿8﴾ ہفتہ وار اجتماع سطح پر مجلس کے اراکین میں **مختلف کاموں کی تقسیم** (مثلاً مائیک ذِمہ دار، حفاظتی اُمور، پارکنگ، پانی کی سبیل، پاپوش بستہ، ساؤنڈ، لائٹنگ، موسم کے لحاظ سے پنکھے/ ہیٹر کا انتظام، مسجد، اِستنجاء خانے و وضوخانے کی صفائی، اِستقبالیہ مکتب، مکاتب مجلس، خیر خواہ) کی ترکیب کی جائے، اس سے بھی کمزوریاں دُور ہوں گی اور نظام میں بہتری ومضبوطی آئے گی۔ ان شاءاللہ عزوجل

﴿9﴾ ہفتہ وار اجتماع میں **مکتبۃ المدینہ، تعویذاتِ عطاریہ** کے بستوں کے ساتھ ساتھ دیگر شعبہ جات مثلاً **مدنی انعامات، مدنی قافلہ، مالیات** وغیرہ کے مکاتب کی بھی ترکیب کی جائے۔

﴿10﴾ جب پہلا اجتماع کامیاب ہو جائے اور مسجد چھوٹی پڑ جائے تو پھر دُوسرے اجتماع کی ترکیب کی جائے۔

﴿11﴾ کسی بھی شہر میں نیا اجتماع، نگرانِ کابینہ کی مشاورت اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت سے ہی شروع کیا جا سکتا ہے۔

﴿12﴾ **ہفتہ وار اجتماع کو مضبوط کرنے کے مَدَنی پھول:** ❁ ذِمہ داران اپنے جدول میں، جمعرات عصر تا جمعہ اشراق وچاشت، اجتماع والی مسجد کے لئے مختص کر دیں، یہ بھی شرکائے اجتماع کو بڑھانے کا ایک ذریعہ ہے نیز مدنی قافلے سفر کروائیں، ہو سکے تو خود بھی مدنی قافلے کے مسافر بن جائیں ❁ مجلسِ اجتماع، اچھے مبلغ، قاری ونعت خوان کا جدول بنائے ❁ نگرانِ ڈویژن مشاورت/ نگرانِ کابینہ، مجلس جامعۃ المدینہ ومجلس مدرسۃ المدینہ، ہفتہ وار اجتماع میں جامعۃ المدینہ اور مدرسۃ المدینہ کے طلبہ کی شرکت کو یقینی بنائیں نیز ان کے سرپرست صاحبان کو بھی اجتماع میں شامل کروائیں۔

## ﴿13﴾ مائیک استعمال کرنے کے مَدَنی پھول

❁ اگر تعداد 100 یا اس سے کم ہو تو بغیر مائیک کے کام چلایا جائے۔

❁ اگر اوّلاً تعداد کم ہو تو بغیر مائیک کے ترکیب کی جائے پھر جب زیادہ ہو جائے تو مائیک چلایا جائے۔

❁ درس وبیان وتِلاوت وغیرہ میں دُور بیٹھے ہوئے یا گھومنے پھرنے والوں کو قریب بلانے کے لئے مائیک کے ذریعے اعلانات کرنے کے بجائے خیر خواہی کا نظام مضبوط کیجئے۔

www.dawateislami.net

